ماہِ قرآن رمضان المبارک میں امتِ محبوبِ رحمٰن کو پہنچائیں،
پیغامِ قرآن اور فرامینِ شاہِ دو جہان
درسِ قرآن و حدیث
رمضان المبارک 1446
پیشکش
علامہ راشد علی عطاری مدنی
درس نمبر:20
ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

درسِ رمضان المبارک:20

مرتب
مولانا ذیشان اختر قادری

زیرِ نگرانی
علامہ ابوالنّور راشد علی عطاری مدنی

پیشکش: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

کتاب پڑھنے کی دُعا

دینی کتاب یا اسلامی سبق پڑھنے سے پہلے ذیل میں دی ہوئی دُعا پڑھ لیجئے اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا۔ دُعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ عَلَيْنَا حِكْمَتَكَ وَانْشُرْ عَلَيْنَا رَحْمَتَكَ يَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَام

نام کتاب : خلاصہ پارہ بیس مع درسِ حدیث

مرتب : مولانا ذیشان اختر قادری

صفحات : 12

اشاعت اوّل: مارچ 2025ء (ویب ایڈیشن)

پیشکش : ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹر نیشنل

اس فائل میں پہلے پارہ میں پائے جانے والے احکامِ الٰہیہ میں سے اوامر اور نواھی منتخب کر کے شامل کیے گئے ہیں۔

یہ خلاصہ قرآن ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹر نیشنل کے کورس "فہم و تدبر قرآن پریکٹیکل کورس" کے شرکاء نے تیار کیا ہے۔ جس کی ٹریننگ کورس میں دی گئی الحمدللہ

خلاصہ مرتب کرنے والے:

مولانا ذیشان اختر قادری

خلاصہ قرآن کے بعد شیخ طریقت امیر اہل سنت علامہ الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ کی دو اربعینات میں سے ایک ایک حدیث پاک شامل ہے۔ ان کا درس آپ بعدِ عصر یا فجر میں اپنی سہولت سے دے سکتے ہیں

ہماری فائل پر عمل کریں گے تو ان شاء اللہ اختتام رمضان پر مکمل قرآن پاک کا مختصر خلاصہ اور 60 احادیث کا درس مکمل ہو گا۔ ان شاءاللہ

خلاصہ پارہ بیس

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

الصلوة والسلام عليك يارسو ل الله

اللہ کو وحدہ لاشریک جانو۔(پارہ نمبر20سورہ نمل آیت60)

اللہ تعالیٰ کو تمام زمین و آسمان اور ہر شے کا خالق جانو۔(پارہ نمبر 20 سورہ نمل آیت60)

اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو معبود نہ مانو(شرک نہ کرو)

(پارہ نمبر20سورہ نمل آیت 61)

اللہ کی صناعی میں غور و فکر کرو۔(پارہ نمبر20سورہ نمل آیت62)

اللہ تعالیٰ کو بزرگ و برتر اور واحد و یکتا مانو۔پارہ نمبر20سورہ نمل آیت

63

اللہ تعالیٰ کو قادر مطلق اور رازق سمجھو

(پارہ20سورہ نمل آیت64)

آخرت پر کامل یقین رکھو،کافر کی طرح شک میں نہ پڑو

(پارہ20سورہ نمل آیت66)

تم فرماؤ زمین میں چل کر دیکھو کیسا ہوا انجام مجرموں کا۔۔(پارہ 20 سورہ نمل آیت 69)

تبلیغ دین میں کافروں کے مکرو فریب سے دل تنگ نہ کرو۔(پارہ 20 سورہ نمل آیت 70)

ناشکرے نابنو۔(پارہ 20 سورہ نمل آیت 73)

اللہ ہی کو حاکم جانو۔(پارہ 20 سورہ نمل آیت 78)

تم اللہ پر بھروسہ کرو بیشک تم روشن حق پر ہو۔(پارہ 20 سورہ نمل آیت 79)

حق سے بے بہرہ کو مردہ سمجھو۔(پارہ 20 سورہ نمل آیت 80)

آخرت کا انکار نہ کرو کہ یہ قرآن کا انکار ہے۔(پارہ 20 سورہ نمل آیت 84)

اللہ کی نشانیوں پر ایمان رکھو۔(پارہ 20 سورہ نمل آیت 86)

نیکی کرو کہ اس امان ہے۔(پارہ 20 سورہ نمل آیت 89)

اللہ تعالیٰ کو لوگوں کے اعمال سے غافل نہ جانو۔(پارہ 20 سورہ نمل آیت 93)

ظلم کی مذمت کرو۔(پارہ20سورہ قصص آیت4)

اللہ تعالیٰ کا ہر وعدہ سچا مانو۔(پارہ20سورہ قصص آیت13)

شیطان کو کھلا دشمن اور گمراہ کرنے والے جانو۔(پارہ20سورہ قصص آیت15)

اللہ تعالیٰ سے بخشش طلب کرو وہ بخشنے والا ہے۔(پارہ20سورہ قصص آیت16)

ڈر خوف کے وقت اللہ سے مدد طلب کرو۔(پارہ 20 سورہ قصص آیت21)

کمزور کی مدد کرنی چاہئے۔(پارہ20سورہ قصص آیت23)

اللہ تعالیٰ کو سارے جہانوں کا رب مانو۔(پارہ 20 سورہ قصص آیت 30،)

بڑائی اور تکبر سے بچو کہ یہ فرعونی صفت ہے۔(پارہ20سورہ قصص آیت39،)

برے کو پیشوا نہ بناؤ کہ وہ آگ کی طرف بلاتا ہے۔(20پارہ سورہ قصص آیت41)

اللہ و رسول کے دشمن کو عزت دار نہ سمجھو۔(پارہ 20 سورہ قصص آیت 42)

پیروی ہمیشہ حق کی کرو۔باطل کی نہیں
(پارہ20سورہ قصص آیت 49،)

نفس کی پیروی نہیں کرو
(پارہ20سورہ قصص آیت 50،)

صبر کرو کہ اس پر اجر ہے، اللہ کے دیئے ہوئے میں سے اسکی راہ میں خرچ کرو۔(پارہ20سورہ قصص آیت 54)

جاہلوں سے غرض نہ رکھو۔(پارہ20سورہ قصص آیت 55)

عیش و عشرت میں پڑ کر غافل نہ ہو
(پارہ20سورہ قصص آیت 58)

دنیا کی خوبصورتی اور آسائش میں مگن نہ ہو،اللہ کی جانب متوجہ رہو کہ اس کے پاس بہترین اجر ہے۔(پارہ20سورہ قصص آیت 60)

رات میں آرام کرو،دن میں روزی تلاش کرو
(پارہ20سورہ قصص آیت 73)

مال پر غرور و تکبر نہ کرو اتراؤ نہیں

(پارہ20سورہ قصص آیت76)

زمین میں فساد نہ پھیلاؤ

(پارہ20سورہ قصص آیت77)

رزق کی تنگی اور وسعت اللہ کی طرف سے جانو۔ اللہ کا احسان مانو۔

(پارہ20سورہ قصص آیت82)

پرہیز گاری کرو

(پارہ20سورہ قصص آیت83)

تکبر نہ کرو، فساد نہ پھیلاؤ

(پارہ20سورہ قصص آیت83)

کافروں کی حمایت نہ کرو۔

(پارہ20سورہ قصص آیت86)

تبلیغ دین میں ثابت قدم رہو

(پارہ20سورہ قصص آیت87)

آزمائش کے لئے تیار رہو

(پارہ20سورہ عنکبوت آیت3)

اللہ کی راہ میں کوشش کرو کہ اس میں تمہارا ہی بھلا ہے

(پارہ20سورہ عنکبوت آیت6)

ماں باپ کے ساتھ بھلائی کرو

(پارہ20سورہ عنکبوت آیت8)

ماں باپ اگر اللہ ورسول کے خلاف حکم دیں تو نہ مانو

(پارہ20سورہ عنکبوت آیت8)

اللہ کی راہ میں تکلیف برداشت کرو

(پارہ20سورہ عنکبوت آیت10)

اللہ تعالیٰ کو غافل نہ جانو وہ سب جانتا ہے۔

(پارہ20سورہ عنکبوت آیت11)

گمراہ بے دین کی باتوں میں نہ آؤ(پارہ20سورہ عنکبوت آیت12)

دوسرے کو گمراہ مت کرو کہ اس کا بوجھ بھی ترے زمے ہو گا

(پارہ20سورہ عنکبوت آیت13)

اپنے برے اعمال کی نسبت اللہ کی جانب مت کرو۔

(پارہ20سورہ عنکبوت آیت13)

خلق کی پیدائش اور اسکے مقاصد پر غور کرو

(پارہ20سورہ عنکبوت آیت19)

اللہ کی بنائی ہوئی چیزوں میں غور و فکر کرو۔

(پارہ20سورہ عنکبوت آیت20)

اللہ کی راہ میں ڈٹے رہو۔اللہ نیکوں کا مدد گار ہے

(پارہ20سورہ عنکبوت آیت24)

باطل کی دوستی صرف دنیاتک ہے آخرت میں نقصان دے گی

(پارہ20سورہ عنکبوت آیت25)

ہم جنس پرستی سے بچو فعل حرام ہے۔

(پارہ20سورہ عنکبوت آیت29)

حق و باطل کے معاملے میں اللہ کی نشانیاں دیکھو۔(پارہ 20 سورہ عنکبوت آیت35)

نفس و شیطان کی فریب کاری سے بچو۔(پارہ20سورہ عنکبوت آیت 38)

درسِ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حَرم کی 10 نیکیاں

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ مِنْ اُمَّتِی کُتِبَتْ لَہٗ عَشْرُ حَسَنَاتٍ مِّنْ حَسَنَاتِ الْحَرَمِ قِیْلَ یَا رَسُولَ اللہِ وَمَا حَسَنَاتُ الْحَرَمِ قَالَ: اَلْحَسَنَةُ بِسَبْعِمِائَةِ حَسَنَةٍ (ابن عساکر)

فرمانِ آخِری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: "میرا جو اُمّتی مجھ پر ایک بار دُرودِ پاک پڑھتا ہے اُس کے لئے حَرَم کی نیکیوں میں سے دس(10) نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔" عرض کی گئی: یارسولَ اللہ! (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) حرم کی نیکیاں کیا ہیں ؟ فرمایا: "حرم کی ایک نیکی سات سو(700) نیکیوں کے برابر ہے۔" (بستان الواعظین لابن جوزی، ص397)

مسواک کرو!

اِسْتَاکُوا اِسْتَاکُوا لَا تَاْتُوْنِیْ قُلْحًا

(جمع الجوامع،1/389،حدیث:2875)مسواک کرو!مسواک کرو! میرے پاس پیلے دانت لے کر مت آیا کرو۔

خصوصی شفاعت

مَنْ صَلَّى عَلَيَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ كَانَتْ شَفَاعَةٌ لَهُ عِنْدِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ

(جمع الجوامع،7/199،حدیث:22353)

فرمانِ مصطفٰے صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم:جو مجھ پر روزِ جمعہ دُرود شریف پڑھے گا میں قیامت کے دن اس کی شفاعت کروں گا۔

شرحِ حدیث:یعنی جو جمعہ کے دن دُرود پاک پڑھے گا اس کے لئے خصوصی شفاعت ہو گی۔جمعہ کے دن دُرود شریف پڑھنے میں ایک مناسبت یہ ہے کہ جمعہ دنوں کا سردار ہے اور نبی پاک صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم مخلوق کے سردار ہیں تو اس دن میں درود شریف پڑھنے کی فضیلت زیادہ ہے جو دوسرے دنوں میں نہیں ہے۔(فیض القدیر،2/111،تحت الحدیث:1405)

✍ راشد علی عطاری مدنی
ایم فل ریسرچ اسکالر
ڈائریکٹر: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل
https://wa.me/923126392663

خوشخبری

ایجوکیشن فیلڈ، تحقیق و تصنیف، مقالہ نگاری، ایم فل اور پی ایچ ڈی والوں کے لیے خاص تحفہ

معلم و مربی اعظم، آخری نبی، محمد عربی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے تربیت و تفہیم کے 212 سے زائد اسالیب و طُرق پر مشتمل پہلی جامع و ضخیم تصنیف (متن حدیث و سیرت سے مستنبط شدہ اسالیب)

کتابِ ہذا میں الحمد للہ

تربیت و تفہیم کے 212 ایسے انداز اور طریقے، احادیث کریمہ اور سیرتِ طیّبہ سے مستنبط کیے گئے ہیں جو پہلے کسی بھی کتاب میں یکجا نہیں، جبکہ اکثر ایسے کہ پہلے کبھی نہ لکھے گئے۔

الحمد للہ علی ذلک

کتاب کے ابواب اور خاصیات

- تعلیم و تعلم کے فروغ کے نبوی اہتمامات صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم
- رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی تربیت و تفہیم کے ثمرات و نتائج
- رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے جامع اسالیبِ تربیت و تفہیم
- رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے متفرق اسالیبِ تربیت و تفہیم
- رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا سوالیہ اسلوبِ تربیت و تفہیم
- رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے جوابی اسالیبِ تربیت و تفہیم
- حسنِ معاشرت کے 100 نبوی اصول
- سیرت النبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم پر لکھنے کے مجوزہ عناوین

کتاب کے ساتھ ان شاء اللہ

- سیرت نگاری کی تحقیقی و تصنیفی تربیت پر مشتمل 12 اہم ترین کورسز کی ویڈیوز کے لنکس فری
- سیرت النبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم پر ہزاروں کتب و مقالات اور تحقیقات کے لنکس اور ویب سائٹس
- سیرت النبی پر بیانات کرنے اور سیرت کورسز کروانے والوں کے لیے انتہائی نایاب سرمایہ
- سیرت کے موضوعات پر ایم فل اور پی ایچ ڈی کرنے والوں کے لیے 1500 سے زائد تحقیقی عنوانات

قیمت مع ہوم ڈیلیوری
صرف 600 روپے